| پہلی سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ___________ | ہفتہ: 8، دن: 1 | تاریخ: ___________ | وقت: 40 منٹ |

| باب دوم: ثقافت (Culture) | سبق کا نام: ذرائع ابلاغ (Means of Communication) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ماس میڈیا (Mass Media) اور سوشل میڈیا (Social Media) کی تعریف کر سکیں اور ان کے مابین فرق کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب،

**تحریکی سرگرمی:** **5 منٹ**

- گزشتہ سبق کے اعادہ کے لیے طلبہ سے پوچھیں:

  الف: ذرائع ابلاغ سے کیا مراد ہے؟

  ب: ماس میڈیا کے ذرائع کے نام بتائیں۔

- طلبہ کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بتائیں آج ہم ذرائع ابلاغ میں اخبارات اور رسائل کے بارے میں پڑھیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** **25 منٹ**

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 19 پر متن کی پڑھائی کروائیں۔
- انھیں بتائیں اطلاعات کے یہ ذرائع طویل زمانے سے استعمال ہوتے آرہے ہیں۔ اخبارات اطلاعات کا سستا ذریعہ ہیں جو روزانہ کی بنیاد پر شائع کیے جاتے ہیں۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے آگاہ کریں اخبارات پرنٹ میڈیا کا حصہ ہیں (پرنٹ میڈیا میں وہ تمام ذرائع شامل ہیں جن کی مدد سے لکھ کر پیغام ایک دوسرے تک پہنچاتے ہیں) اور تمام قومی اور بین الاقوامی پالیسیوں کے بارے میں تحریری ریکارڈ فراہم کرتے ہیں۔
- یہ تازہ حالات و واقعات سے متعلق آگاہی دیتے ہیں۔

**اعادہ** **3 منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات دہرائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

طلبہ سے ایک تعلیمی رسالہ تیار کروائیں۔ جس میں معلوماتی آرٹیکل، اشتہارات اور مکالمے وغیرہ تیار کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

اپنے تعلیمی رسالے کے لیے کوئی معلوماتی آرٹیکل لکھ کر کمرا جماعت میں لائیں۔

| سبقی منصوبہ بندی | مضمون: معاشرتی علوم | جماعت: پنجم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: | ہفتہ: 8، دن: 2 | اُستاد کا نام: |

| سبق کا نام: ذرائع ابلاغ (Means of Communication) | باب دوم: ثقافت (Culture) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ماس میڈیا (Mass Media) اور سوشل میڈیا (Social Media) کی تعریف کر سکیں اور ان کے مابین فرق کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب،

**تحریکی سرگرمی:** 5منٹ

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کرکے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ کو گروہی شکل میں بٹھائیں اور انھیں ان کے لکھے معلوماتی آرٹیکل ایک دوسرے کو دکھانے اور ان پر لکھی معلومات کے بارے میں بات چیت کروائیں۔
- ان سے پوچھیں اخبارات اور رسائل میں ابلاغ کے کون سے ذرائع ہیں؟ مشہور اخبارات کے نام بتائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** 25منٹ

- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 20 پر ''ریڈیو اور ٹیلی وژن'' اور ''کمپیوٹر اور انٹرنیٹ'' کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں ریڈیو، ٹیلی وژن، کمپیوٹر اور انٹرنیٹ الیکٹرانک میڈیا کا حصہ ہیں۔
- انھیں بتائیں ریڈیو ایسی ٹیکنالوجی ہے جو ریڈیائی لہروں کا استعمال کرتے ہوئے معلومات کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتی ہے انھیں بتائیں ریڈیو پر کس طرح کے معلوماتی اور تفریحی پروگرام نشر ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ مکالموں پر مبنی پروگرام بھی شوق سے سنے جاتے ہیں۔ آج کے دور میں بھی ملک کی کثیر آبادی ریڈیو کی نشریات سے استفادہ کرتی ہے کسان اور مزدور آبادیوں سے دور بیٹھ کر کام کے دوران ریڈیو کے پروگراموں سے فائدہ اُٹھاتے ہیں۔
- طلبہ کو ٹیلی وژن کے تصویری فلیش کارڈز دکھائیں انھیں بتائیں کہ ٹیلی وژن سائنس کی حیرت انگیز ایجاد ہے۔ یہ دنیا میں ہونے والے تمام واقعات سے ہمیں باخبر رکھتا ہے۔ اس کی مدد سے ہم مختلف لوگوں کی ثقافت، خیالات اور نت نئی سرگرمیوں کے بارے میں معلومات حاصل کرتے ہیں۔

- طلبہ سے پوچھیں کیا ان کے گھر میں کمپیوٹر ہیں اور وہ انھیں کن مقاصد میں استعمال کرتے ہیں۔ انھیں بتائیں کمپیوٹر کی مدد سے گھنٹوں کا کام منٹوں اور سیکنڈوں میں مکمل ہو جاتا ہے۔ یہ ایک منفرد اور اہم ترین ایجاد ہے۔
ایک دوسرے سے مربوط کمپیوٹرز پر مشتمل وسیع نظام کو انٹرنیٹ کہتے ہیں۔ اس کے ذریعے ہم گھر بیٹھے دنیا بھر کے لوگوں سے رابطے میں رہ سکتے ہیں۔

| **اعادہ** | **3منٹ** |
|---|---|

طلبہ کو مختلف ابلاغ (ماس میڈیا) کی تصاویر دکھا کر ان کی پہچان کرائیں اور ان کی اہمیت پوچھیں۔

| **جائزہ:** | **5منٹ** |
|---|---|

طلبہ سے سوال نمبر 1 کے سوالات کاپیوں پر لکھوائیں۔ درست جواب دینے پر ان کی حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |
|---|---|

مختلف ذرائع ابلاغ پر نوٹ لکھ کر لائیں۔

| پہلی سہ ماہی | جماعت: پنجم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____________ | ہفتہ: 8، دن: 3 | تاریخ: ____________ | وقت: 40 منٹ |

| باب دوم: ثقافت (Culture) | سبق کا نام: ذرائع ابلاغ (Means of Communication) |
|---|---|

**مقاصد:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ماس میڈیا (Mass Media) اور سوشل میڈیا (Social Media) کی تعریف کر سکیں اور ان کے مابین فرق کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 5) کی کتاب،

**تحریکی سرگرمی:** **5 منٹ**

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- طلبہ سے ماس میڈیا کے مختلف ذرائع کے نام پوچھیں۔
- ذرائع ابلاغ کی مختلف تصاویر کو چارٹ پر چسپاں کروائیں اور ان کے بارے میں تحریر کریں۔
- طلبہ کو بتائیں آج وہ سوشل میڈیا کے بارے میں پڑھیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** **25 منٹ**

- طلبہ کو صفحہ نمبر 21 کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- مختلف ایپلی کیشنز کے تصویری فلیش کارڈ طلبہ کو دکھائیں اور ان سے پوچھیں کیا وہ یہ ایپلی کیشنز استعمال کرتے ہیں؟
- طلبہ کو بتائیں سوشل میڈیا ابلاغ کی جدید ترین شکل ہے۔
- انھیں بتائیں آن لائن رہ کر اپنی معلومات اور خیالات کے تبادلے کے لیے جن ذرائع کا استعمال کیا جاتا ہے سوشل میڈیا کہلاتا ہے۔
- متن کی مدد سے سوشل میڈیا اور ماس میڈیا میں فرق واضح کریں اور طلبہ کی خواندگی کروائیں۔ سوشل میڈیا ذرائع کی فہرست بورڈ پر بنائیں اور بچوں سے ان کے استعمال پر گفتگو کریں۔
- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 23 کی پہلی سرگرمی کروائیں۔

**اعادہ** **3 منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

طلبہ سے پوچھیں سوشل میڈیا کیا ہے اور اس کی ہماری زندگی میں کیا اہمیت ہے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔